اِصلاحِ اَغلاط: عوام میں رائج غلطیوں کی اِصلاح

سلسلہ نمبر 524:

تحقیقِ حدیث:

ماہِ رجب میں مؤمن سے مصیبت دور کرنے کی فضیلت!

مبین الرحمٰن

فاضل جامعہ دار العلوم کراچی

متخصص جامعہ اسلامیہ طیبہ کراچی

تحقیقِ حدیث: ماہِ رجب میں مؤمن سے مصیبت دور کرنے کی فضیلت!

حدیث: یہ حدیث مشہور ہے کہ جو شخص ماہِ رجب میں کسی مؤمن سے کوئی مصیبت دور کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو جنت الفردوس میں ایسا محل عطا فرمائے گا جو حدِّ نگاہ تک پھیلا ہوا ہوگا۔ رجب کا اکرام کرو، اللہ تعالیٰ ہزار کرامتوں کے ساتھ تمہارا اکرام کرے گا۔

حدیث کی تحقیق:

1۔ امام حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ نے اس حدیث کو بے اصل قرار دیا ہے اور فرمایا ہے کہ اس کو ابوالبرکات ہبۃ اللہ نے گھڑا ہے۔

- تبيين العجب لابن حجر العسقلاني:

من فَرَّجَ عن مؤمنٍ كُرْبَةً في رجبٍ أعطاهُ اللهُ تعالى في الفردوسِ قصرًا مَدَّ بصرِهِ، أَكْرِمُوا رجبًا يُكْرِمُكُمُ اللهُ بألفِ كرامةٍ.

متن لا أصل له، بل اختلقه أبو البركات هبة الله بن المبارك السقطي -لا بارک الله فيه- ووضع له إسنادا رجاله ثقات. (47، 48 مؤسسة القرطبة)

مبین الرحمٰن
فاضل جامعہ دار العلوم کراچی
محلہ بلال مسجد نیو حاجی کیمپ سلطان آباد کراچی
8 رجب المرجب 1442ھ/ 21 فروری 2020
03362579499